۵ ۔ چند گذارشات البتہ ہیں ۔ کہ اسلامی جمہوری اتحاد کا نام صرف اسلامی اتحاد کر دیں اور ایسے اتحاد کے تحت ایک تحریک چلائیں کہ جگہ جگہ لوگ اعلان کریں کہ " اے رب العالمین ! ہم نہ تو ربوہ میں جھوٹے نبی کے مرکز بنوانے کے گناہ میں شامل ہیں اور نہ عورت کے سربراہ حکومت بنوانے کے گناہ میں ۔ ہمیں طاقت دے کہ ہم ان دو بڑے فتنوں کا قلع قمع کر سکیں

میجر امیر افضل خان ۔ راولپنڈی

* ماہ نومبر کے الحق کا مطالعہ کیا ۔ " صحبتے یار آخر شد " کا مضمون بہت ہی دردناک تھا ۔ آپ نے ایسا نقشہ کھینچا ، پڑھتے وقت خود بخود آنسو آنکھوں سے رواں ہو جاتے ۔ (احسان الحق بابر ہیڈ کلرک ژوب بلیشیا)

خالص پاکستانی ثقافت

اللہ کرے بصحت و عافیت ہوں ۔ متاع کارواں تو پہلے ہی لٹتا آرہا ہے ، اب احساس زیاں بھی جاتا دکھائی دیتا ہے ایک طرف اسلامی اقدار کو روندا جا رہا ہے دوسری طرف ذمہ دار حضرات بھی سیاست کو شریعت پر ترجیح دے رہے ہیں پھر پاک سرزمین بھی کیا عجیب سرزمین ہے ۔ کیا سیاست کیا شریعت ، دونوں میں نت نئے تجربات کی آماجگاہ بنی ہوئی ہے ۔ دیکھئے تو اسلام اسلام کے پردے میں پردہ دار نکل آئی جو عالم اسلام کے لئے سوالیہ نشان ہے ۔ شریعت بل کو اس کا بل کھا گیا ۔ افسوس ، کسی نے افسوس نہ کیا ۔

حاملین شریعت کو بری الذمہ کرنے کے لئے آپ نے انسب و احسن راہ نکالی ہے ۔ ورنہ تو دنیائے اسلام کے لئے ایک بھونڈی مثال قائم ہو جاتی اور کل کلاں دلیل میں یہی کہا جاتا کہ علماء پاکستان نے نوٹس نہ لے کر خاموشی نیم رضا کا ثبوت دیا ۔

یہی مجاہدانہ اقدامات ہیں آپ کے جن سے اکابر علماء دین مجاہد ملت مولانا غلام غوث ہزاروی کی یاد تازہ ہو ہو جاتی ہے ؎

ایں سعادت بزور بازو نیست
تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

علماء کنونشن میں وزیر مملکت جاوید جبار کے اس بیان کا سختی سے نوٹس لینا چاہئے کہ نشریاتی اداروں میں اب خالص پاکستانی ثقافت پیش کی جائے گی ۔ " خالص پاکستانی ثقافت " سے مراد اگر اسلامی اقدار کو ہٹایا گھٹا کر اسے جمالو کی انگشہ ایاں پیش کرنا ہو تو یہ اسلامیان پاکستان کی غیرت ایمانی کے منافی ہو گا ۔

ان برخود غلط لوگوں کو شاید گھمنڈ ہو کہ ۶۲ دوٹروں نے گویا اسلام کی نفی کر دی ہے نہیں نہیں ، ہرگز نہیں انہیں تو سبز باغ میں الجھا دیا گیا ہے ۔

اس دور زناں کا پہلا فائدہ اگر پہنچا ہے تو ظالموں ، قاتلوں ، ڈکیتوں اور ہتھوڑا زنوں ، بم ماروں ، اغوا کاروں کو جن کے لئے جیل کی دیواریں گرادی گئیں ۔ (پروفیسر محمد اسمٰعیل شیفی)